Rampur State Gazette

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۶ رجب المرجب ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۶ نومبر ۱۹۳۲ء جلد [illegible]

حصہ اول

خلاصہ احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

"اسٹیٹ پریس" رامپور ۔

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۲۰ ر نومبر ۱۹۳۲ء

بدستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بتقریب جشن سالگرہ ہمایوں ملازمان صیغہ جات و فوج خصوصاً صیغہ فوج و پولیس و کمیٹی گشتی نے جو نہایت محنت کی ہے تا بدولت و اقبال تمام افسران صیغہ جات اور خصوصاً صاحب آرمی منسٹر بہادر، جنرل ... اور ایڈمنسٹریٹر ... کی خدمات پر اظہار خوشنودی مزاج فرماتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک ایک نقل حسب ضابطہ منسٹر و سکریٹری صاحبان بہادر کے پاس بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۲۰ ر نومبر ۱۹۳۲ء — دستخط از طرف صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۲۰ ر نومبر ۱۹۳۲ء

بدستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بموجب رپورٹ ایگزیکٹیو انجینیر انہار کی رخصت چار یوم ۱۲ ر لغایت ۱۵ ر نومبر ۱۹۳۲ء منظور ہے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — جناب عالی! — می‌رساند

مسٹر خورشید حسین صمدانی ایگزیکٹیو انجینیر انہار کو بھائی کی علالت کا تار آیا تھا۔ ۱۲ ر ۱۳ ر نومبر کی ان کی رخصت اتفاقیہ صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے منظور کر کے اطلاعی رپورٹ بھیجی ہے۔ صاحب ایگزیکٹیو انجینیر انہار نے بذریعہ تار اطلاع دی کہ ان کا بھائی خطرے میں ہے، ۱۴ ر و ۱۵ ر نومبر تک دو یوم کی مزید رخصت چاہی جس کی منظوری کے لئے صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے رپورٹ کی ہے۔ دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل سے استحقاق رخصت دریافت کیا گیا تھا چونکہ رخصت اتفاقیہ دو تین روز سے زیادہ دینے کا قاعدہ نہیں ہے اس لئے ۱۲ ر لغایت ۱۵ ر نومبر ۱۹۳۲ء چار یوم کی رخصت حاجتی شمار ہوگی۔ استحقاق رخصت حاجتی حاصل ہے۔ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ ... مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری رخصت چار یوم شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد۔

نقل ... دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر — ۲۰ ر نومبر ۱۹۳۲ء

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام نفاذ جاری ہوں۔

۲۰ ر نومبر ۱۹۳۲ء — دستخط از طرف صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار: واقع ۱۲ر نومبر ۱۹۳۲ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وحکمہم

بتقریب سالگرہ ہمایوں مابدولت واقبال کی رعایائے ریاست تمام شہر کی دوکانات اور مکانات پر آرائش ہوئی۔ اور چراغاں کیا گیا۔ مابدولت واقبال اپنی رعایا کے پرجوش خلوص پر مسرت فرماتے ہوئے اظہار خوشنودی مزاج فرماتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔
ایک نقل درج گزٹ کیجائے

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ کی جائے

[illegible]

۱۴ر نومبر ۱۹۳۲ء

حکم: واقع ۱۲ر نومبر ۱۹۳۲ء
درصورت مطبع ۲۳ر نومبر ۱۹۳۲ء

بموجب رپورٹ سے ۳ (تین روپے ماہوار) اضافہ ورق گردان کی منظوری دی جاتی ہے۔ کاغذات واپس ہوں۔
دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وحکمہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وحکمہم

بعرض ورش | میر سانند

جناب عالی

صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے ملازمان کتب خانہ بدیں تفصیل

ورق گردان چار عدد فی عدد [illegible]
صفائی کنندہ دو عدد فی کس [illegible]

[illegible]

سکے ہیں ... واجد علیخان ورق گردان کو جناب ... روپے تنخواہ ملتا ہے ... تین روپے اضافہ کرکے دس روپے تنخواہ کی ہے۔ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ چونکہ ... تین روپے اضافہ ورق گردان کا ہے۔ ترقی تنخواہ ... پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔
زیادہ حد ادب آفتاب دولت واقبال تابان باد

[illegible]

کاغذات ہذا جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہوں۔ بمنشائے حکم کارروائی فرمائیجائے۔
۱۵ر نومبر ۱۹۳۲ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام تخفیف ملازمان و اضافہ ورق گردان حسب ضابطہ صدر سے جاری ہوں۔ تخفیف شدہ ملازمان ۱۵ر نومبر تک تنخواہ پائینگے۔ اور واجد علیخان ورق گردان کے اضافہ کا عملدرآمد ۱۶ر نومبر ۱۹۳۲ء سے ہوگا۔ ۱۵ر نومبر ۱۹۳۲ء
دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

نمبر شمار	نام ملازم	عہدہ	تنخواہ
۱	شوکت علیخان	ورق گردان	[illegible]
۲	سید صابر احمد	"	[illegible]
۳	سید محمد علی	"	[illegible]
۴	تفضل حسین خان	"	[illegible]

نمبر شمار	نام ملازم	عہدہ	تنخواہ
۵	احمد شاہ خان	صفائی کنندہ	[illegible]
۶	منا خان	"	[illegible]
۷	محمد نبی خان	خوشنویس	[illegible]

حکم — واقع ۲۳ نومبر ۱۹۳۲ء

دستخط بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

شقہ عرضی شہاب الدین احمد اہلمد اجلاس حاکم پولیس باستدعا رخصت اتفاقیہ دو یوم ۲۳ و ۲۴ر نومبر ۱۹۳۲ء بوجہ ضرورت نجی۔

حکم

سید شہاب الدین احمد اہلمد اجلاس کی رخصت دو یوم ۲۳ و ۲۴ر نومبر ۱۹۳۲ء منظور ہے کاغذات برائے کارروائی اجراء احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

بمنشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۳ر نومبر ۱۹۳۲ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار — واقع ۲۴ر نومبر ۱۹۳۲ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مسٹر عبد الحمید افسر کارخانجات صیغہ جات متعلقہ کا کام براہ راست بماتحتی صاحب ہوم ہولڈ منسٹر بہادر انجام دیتے ہیں۔ بنظر مصالح انتظامی ان کا تعلق سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی سے کیا جاتا ہے وہ صیغہ جات متعلقہ کا کام اب ماتحتی سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی انجام دینگے۔

صیغہ جات متعلقہ افسر کارخانجات کا موجودہ نظام عمل درست نہیں ہے باورچیخانہ جات کی حالت قابل اطمینان ہے مصارف بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ لہذا سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی باورچیخانہ وغیرہ کی کافی نگرانی رکھیں وہ ذمہ دار ہیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بمنشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

۲۴ر نومبر ۱۹۳۲ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار — واقع ۲۴ر نومبر ۱۹۳۲ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوئے حسب استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر سید ناصر حسین ڈائرکٹر لینڈ ریکارڈ و اگریکلچر کو اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول کے اختیارات عطا کئے جاتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا معہ کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بمنشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل برج گزٹ ہو - ۲۴ نومبر ۱۹۳۲ء

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعزعرض　　جناب عالی　　میرساند

دستی کاغذات دیہی کے اختیارات قانوناً اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول کو ہوتے ہیں۔ اس لئے سید ناصر حسین ڈائرکٹر زراعت کو اختیارات اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول عطا ہونے کے لئے صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے رپورٹ کی ہے۔ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ ترقیخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم عطائی اختیارات اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بہ سید ناصر حسین ڈائرکٹر زراعت واندراج گزٹ شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد۔

عرضی

ترقیخواہ دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر۔

مورخہ ۲۴ نومبر ۱۹۳۲ء

حکم

۲۴ نومبر ۱۹۳۲ء

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ مسٹر ای ولیم کی رخصت ۱۰ یوم من ابتدا ۲۵ دسمبر ۱۹۳۲ء لغایتہ ۴ جنوری ۱۹۳۳ء منظور کیجاتی ہے۔ ایام رخصت میں مسٹر ڈی ولیم ان کی خدمات انجام دینگے۔ حکم ہذا معہ کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعزعرض　　جناب عالی　　میرساند

مسٹر ای ولیم نے ایک ماہ کی رخصت کی درخواست من ابتدا ۱۵ دسمبر ۱۹۳۲ء لغایتہ ۱۵ جنوری ۱۹۳۳ء بھیجی ہے ان کی عدم موجودگی میں مسٹر ڈی ولیم ان کی خدمات بھی انجام دینگے۔

صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر نے منظوری کی لئے رپورٹ کی ہے جو ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہے۔ ترقیخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد۔

عرضی

ترقیخواہ دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲۴ نومبر ۱۹۳۲ء

نقل مطابق حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ۲۴ نومبر ۱۹۳۲ء

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

واقع ۲۴ نومبر ۱۹۳۲ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بموجب رپورٹ ہیلتھ آفیسر کی رخصت تین یوم منسوخ کیجائے کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعزعرض　　جناب عالی　　میرساند

ہیلتھ آفیسر صاحب میونسپلٹی کی رخصت اتفاقیہ تین یوم اپنی خانگی ضرورت سے من ابتدا ۹ لغایتہ ۱۱ نومبر ۱۹۳۲ء منظور ہوئی تھی اس رخصت سے انہوں نے فائدہ حاصل نہیں کیا منسوخی رخصت کی استدعا کی ہے۔ کاغذات [illegible] ڈیپارٹمنٹ سے آئے ہیں جو ذریعہ عرضداشت حضور

انور میں پیش ہے تو تجویز استدعی ہے کہ بندگانِ ہمایون سے
حکم منظوری رخصت شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حدِ ادب۔
دولت جاوید باد۔

— نوٹ —

تجویز دستخط فار صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲۴ نومبر ۳۲ء

— ۴ —

بمنشاء حکم ہمایون سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
۲۴ نومبر ۱۹۳۲ء

دستخط فار صاحب چیف منسٹر بہادر

— ۵ —

حکم واقع ۲۴ نومبر ۱۹۳۲ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بموجب رپورٹ سید شوکت علی ڈپٹی سکریٹری دارالانشاء
کی رخصت دو یوم ۲۶ و ۲۷ نومبر منظور ہے اور ۲۵ نومبر
یوم جمعہ کی اجازت دیجاتی ہے۔ منشی رگھبیر سہائے سپرنٹنڈنٹ
دارالانشاء اونکا کام انجام دینگے۔ کاغذات برائے اجرائے
احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے
پاس مرسل ہوں۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بذروعرض — جناب عالی — میرساند

سید شوکت علی ڈپٹی سکریٹری دارالانشاء کے والد علیل ہیں
اونکے دیکھنے کیواسطے جانیکی ضرورت ہے اور میرٹھ جانے
کے لئے یوم جمعہ ۲۵ نومبر کی اجازت اور ۲۶ و ۲۷ نومبر
دو یوم کی رخصت اتفاقیہ کے خواستگار ہیں اونکی عدم موجودگی
میں منشی رگھبیر سہائے سپرنٹنڈنٹ اونکا کام انجام دینگے۔
موقعہ اشرف حضور انور میں پیش ہے۔ تجویز استدعی ہے کہ
بندگان ہمایون سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ

حدِ ادب۔ دولت جاوید باد۔

— نوٹ —

تجویز دستخط فار صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲۴ نومبر ۳۲ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۴ نومبر ۱۹۳۲ء
دستخط فار صاحب چیف منسٹر بہادر

Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵ — مطبوعہ دوشنبہ بتاریخ ۲۴ رجب المرجب ۱۳۵۱ھ مطابق ۲۶ نومبر ۱۹۳۲ء — جلد ۴۴

حصہ دوم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

(اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

برخاستگی

۱۹ نومبر ۱۹۳۲ء

حسب ایماء اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم باستثناء مرزا
سیکنڈ لفٹنٹ صاحبزادہ سید رضا حسین خاں بہادر اے ڈی سی کو بعہدہ اے ڈی سی
اصول فوجی ملازمت سے علیحدہ کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ اور ایک نقل
بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

عطائے رینک

(واقع ۱۹ نومبر ۱۹۳۲ء)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نے
ایماء فرمایا ہے کہ کپتان صاحبزادہ سید جعفر علیخاں بہادر
اور کپتان صاحبزادہ سید عبدالکریم خاں بہادر دراحت ڈی بیرر
بوفرسٹ رضا انفنٹری میں اٹیچڈ ہیں۔ سجاد حسین
دونوں صاحبزادہ صاحبان کو میجر کا رینک عطا
کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

بغرض تعمیل اور اجرائے احکام روبکار ہذا صاحب
آرمی منسٹر بہادر کے اجلاس میں مرسل ہو۔ آرمی آرڈر
جاری کیا جائے۔ اور ایک نقل اس روبکار کی برائے گزٹ ہو

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

تفویض کار

واقع ۲۲ نومبر ۱۹۳۲ء

آج شب میں بضرورت انجام امور خاص حسب الحکم
اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم دہلی اور لکھنؤ جا رہا ہوں
تین چار روز میں واپس آجاؤں گا۔ میری عدم موجودگی میں
ایماء عالی ہے کہ صاحب ہوم منسٹر بہادر خدمات متعلقہ
چیف منسٹر انجام دیں۔

(۲) صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر اور سردار صاحب بہادر
ڈیوڑھی سرکاری کام پر آج لکھنؤ جاتے ہیں۔ ایماء عالی ہے
کہ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کے دفتر کا کام صاحب
ریونیو منسٹر بہادر انجام دیں۔ اور سردار صاحب بہادر
ڈیوڑھی کا کام کنٹرولر صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ انجام
دیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے بلحاظ تعطیل فوراً احکام ضابطہ جاری
ہوں۔ اور ایک نقل اس روبکار کی اپ گزٹ کی جائے

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

منشی محمد [illegible] ڈپٹی سکریٹری صاحب جنرل سیکشن صدر درخواست [illegible]
منشی مظہر حسین خاں معاون [illegible] دفتر سیکشن [illegible] بغرض
[illegible] علاج [illegible] رخصت [illegible] جنرل صاحب

حسب الحکم

حسب رپورٹ صاحب ڈپٹی سکریٹری جنرل سیکشن صدر [illegible] صاحب [illegible] جنرل
مظہر حسین خاں معاون کی رخصت ۵ یوم [illegible]
[illegible] محمد احمد خاں [illegible] منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری
ہوں۔ ۲۳ نومبر ۱۹۳۲ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

فہرست پیشی مقدمات جنکی پیشی عدالت العالیہ ہائیکورٹ میں من ابتدا ۲۲ لغایت ۲۲ نومبر ۱۹۳۲ء ہوئی ۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۲۲ نومبر ۱۹۳۲ء	دوشنبہ	مسٹر جسٹس محمود شاہ خان صاحب بہادر	محمد حنیف خان بنام [illegible] وغیرہ	متفرقات درخواست معذوری نسبت واگذاشت [illegible]	آج معذور [illegible] گواہان کے بیانات قلمبند ہو کر فریق ثانی کے گواہان کے بیانات قلمبند کرنیکے واسطے ۲۹ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خان صاحب بہادر	[illegible] رحمن وغیرہ بنام عبد الصمد وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی تنسیخ وثیقہ [illegible]	[illegible] بیان تحریری ۵ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر معظم علی خان صاحب و چیف جسٹس صاحب	[illegible] رام بنام رام سروپ	نگرانی دیوانی دعوی [illegible]	نگرانی منظور ہو کر عدالت ماتحت [illegible] منسوخ ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس ارشاد احمد خان صاحب بہادر	مثمن خان بنام سورج مل	اپیل دیوانی دعوی دخل [illegible]	اپیل منظور ہوا اور حسب تتمہ فیصلہ [illegible] فیصلہ عدالت ماتحت منسوخ ہوا
"	"	مسٹر معظم علی خان صاحب و چیف جسٹس صاحب بہادر	صاحبزادی سلطان جہاں بیگم وغیرہ بنام صاحبزادہ [illegible]	ابتدائی دیوانی دعوی تقسیم جائداد	بانتظار آمد رپورٹ امین ۷ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس محمود شاہ خان صاحب بہادر	عنایت حسین خان وغیرہ بنام صاحبزادہ [illegible] یار خان	ابتدائی دیوانی دعوی رہنمائی احاطہ [illegible] تعین [illegible]	بوجہ رشتہ داری قریب [illegible] مقدمہ [illegible] اجلاس [illegible] جناب چیف جسٹس بہادر ارسال کیگئی
"	"	مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خان صاحب بہادر	سرکار بہادر بذریعہ [illegible] بنام نرائن ملزم	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۷۶ تعزیرات رامپور	بقیہ ثبوت پیش کرنے کے واسطے ۲۹ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	ایضاً	مسماۃ [illegible] بیگم بنام سید علی خان وغیرہ	متفرقات درخواست [illegible]	برائے تحقیقات افلاس ۱۲ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس محمود شاہ خان صاحب بہادر	کرامت علی بنام بانکے خان ملزم	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت	بہ ثبوت جرم دفعہ ۳۰۲ ت ملزم تین سال قید سخت کا سزایاب ہوا
"	"	ایضاً	سرکار بہادر بذریعہ شیخ احمد خان بنام عبد الرحیم وغیرہ ملزمان	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۹۵ تعزیرات رامپور	ثبوت ختم ہوگیا اور بیانات ملزمان بھی قلمبند ہوگئے [illegible] ۲۷ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	ایضاً	مسماۃ اکبری بیگم بنام مسماۃ محمدی بیگم	اپیل مطالبہ [illegible]	واسطے قرقی مال منقولہ مدیون ۱۵ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی ۔

٢٦ نومبر ٢٢ء	پنجشنبہ	مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خانصاحب بہادر	مساۃ سلطان جہان بیگم بنام مساۃ حمیدی بیگم وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوے دین مہر سوا لاکھ روپیہ	زیر پیشی -
״	״	مسٹر معظم علی خانصاحب بہادر چیف جسٹس	ظہور احمد - بنام عبد اللطیف وغیرہ	اپیل فوجداری جرم دفعہ ٣٠٠ ت	زیر پیشی -
״	״	مسٹر معظم علیخانصاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خانصاحب بہادر	پورن سنگھ وغیرہ بنام کلیان نرائے وغیرہ	اپیل دوم دیوانی دعوے حق شفع	زیر پیشی
״	״	مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خان صاحب بہادر	سید سبط نبی - بنام مساۃ محمدی بیگم	متفرقات درخواست اجازت اپیل بشمول دعوے دین مہر	زیر پیشی
״	״	مسٹر معظم علیخانصاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر ارشاد اللہ خانصاحب بہادر	محمد نصیر خان وغیرہ بنام رام بہروسہ لال وغیرہ	متفرقات درخواست التوائے نیلام	زیر پیشی
		مسٹر جسٹس محمد [illegible] خان صاحب بہادر	مساۃ [illegible] بیگم بنام الطاف علی خان	ابتدائی دیوانی دعوی دین مہر [illegible]	زیر پیشی
״	״	ایضاً	سرکار بہادر ذریعہ مساۃ گندیا - بنام بھوری ملزم	ابتدائے سیشن جرم دفعہ ٣٦٦ و ٣٦٨ ت	زیر پیشی
״	״	ایضاً	سرکار بہادر ذریعہ سلو بنام عبد الواجد خان ملزم	جرم دفعہ ٣٠٠ ت	ملزم بثبوت جرم دفعہ ٣٠٤ ت تین سال قید سخت کا سزایاب ہوا
״	״	مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خانصاحب بہادر	پورن سنگھ وغیرہ بنام کلیان نرائے وغیرہ	اپیل اول دیوانی دعوے حق شفع	زیر پیشی
״	״	ایضاً	رام سروپ وغیرہ بنام بابو رام	اپیل دیوانی دعوی تقسیم ایک سہام منجملہ ٣ سہام از مکانات و اراضی بتعیین الـــــد	اپیل نا منظور ہو کر عدالت تحت بحال رہی۔

حکم اجلاس صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر

۲۲ نومبر ۱۹۳۲ء

مثل رپورٹ ریزیڈنٹ میڈیکل افسر صاحب بابت منظوری مستقلی رام بہادر اسسٹنٹ اسپیشل بوجہ حسن قابلیت۔

حکم

رام بہادر کا تقرر شفاخانہ صدر میں بعہدہ اسسٹنٹ اسپیشل بتنخواہ مبلغ ماہوار ۱۵ مئی ۱۹۳۲ء کو امتحاناً برائے چھ ماہ منظور کیا گیا تھا نامبردہ کی مدت خدمت چھ ماہ ۱۵ نومبر ۱۹۳۲ء کو ختم ہو گئی اس مدت میں رام بہادر نے کام متعلقہ قابل اطمینان انجام دیا ہے۔ لہذا رام بہادر کو ۱۵ نومبر ۱۹۳۲ء سے مستقل کیا جاتا ہے۔ مثل دفتر صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر

نقشہ اجناس ریاست رامپور۔ بابتہ ہفتہ چہارم ماہ نومبر ۱۹۳۲ عیسوی

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰ ۱ر	۱۱ ۱ر	۱۰ ۱۰		۱۱ ۱ر	[illegible]	تحصیل بلاسپور سے نقشہ موصول نہیں ہوا۔
نخود خالص	۱۳ ۰ ۱ر	۱۲ ۰ ۱ر	۱۲ ۰ ۱ر		۱۳ ۱ر	۱۳ ۱ر	
نخود گہ آمیز	۱۴ ۱	۱۳ ۰ ۱ر	۱۵ ۱ر		۱۳ ۰ ۱ر	۱۳ ۱ر	
کسیہ	۱۵ ۱ر	۱۳ ۰ ۱ر	۱۶ ۱ر		۱۳ ۰ ۱ر	۱۵ ۱ر	
ماش	۱۱ ۱ر	۱۲ ۱ر	۱۲ ۱ر		۱۰ ۱ر	۱۰ ۰ ۱ر	
مونگ	۹ ۰ ۱ر ۱۰ ۱ر	۱۲ ۱ر	۱۲ ۱ر		۰	۱۰ ۰ ۱ر	
مکا	۲۰ ۱ر ۲۱ ۱ر ۲۲ ۱ر	۲۱ ۱ر	۲۰ ۰ ۱ر		۲۱ ۱ر	۲۰ ۱ر	
جئی	۱۷ ۱ر	۰	۰		۰	۲۲ ۱ر	
گوجئی	۰	۰	۰		۰	۱۸ ۱ر	
عدس	۱۵ ۱ر	۰	۰		۰	۱۴ ۱ر	
ارہر	۱۲ ۱ر	۰	۰		۰	۱۳ ۱ر	
برنج	[illegible]	[illegible]	[illegible]		۸ ۰ ۱ر	۸ ۱ر	
روغن زرد	۱۱ چھٹانک ۱	۱۰ چھٹانک	۱۱ چھٹانک		[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	۲ ۱ر ۳ ۱ر	۳ ۱ر	[illegible]		۳ ۱ر	۳ ۰ ۱ر	
روغن کنجد	۲ ۱ر	[illegible]	۲ ۱ر		[illegible]	۲ ۱ر	
نمک ساجھر	۹ ۱ر	[illegible]	۵ ۰ ۱ر		۱۰ ۱ر	۹ ۰ ۱ر	
نمک لاہوری	[illegible]	۸ ۱ر	۷ ۱ر		۰	۸ ۱ر	
قند سیاہ	۱۲ ۱ر ۱۳ ۱ر	۸ ۱ر ۱۰ ۱ر	۱۱ ۱ر		۱۳ ۰ ۱	۱۳ ۱ر	
باجرہ	۱۷ ۱ر	۱۷ ۰ ۱ر	۱۸ ۱ر		۰	۱۷ ۱ر	